SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ ۲۰۰۹

SINDH ACT NO.IX OF 2009

سرکاری زمین کے (حقوق کے رکارڈ میں) غلط اندراج کو رد کرنے کا ایکٹ، ۲۰۰۹

THE CANCELLATION OF BOGUS ENTRIES (IN THE RECORD-OF-RIGHTS) OF GOVERNMENT LAND ACT, 2009

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ غلط اندراج رد کرنے کا اختیار

Power to cancel the Bogus Entries

۴۔ اپیل

Appeal

۵۔اثرانداز ہونے والا عمل

Overriding Effect

۶۔ ضمانت

Indemnity

سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ ۲۰۰۹

SINDH ACT NO.IX OF 2009

سرکاری زمین کے (حقوق کے رکارڈ میں) غلط اندراج کو رد کرنے کا ایکٹ، ۲۰۰۹

THE CANCELLATION OF BOGUS ENTRIES (IN THE RECORD-OF-RIGHTS) OF GOVERNMENT LAND ACT, 2009

[۱۰ نومبر ۲۰۰۹]

ایکٹ جس کی توسط سے قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے نقلی دستاویزات کی بنیاد پر سرکاری زمین سے متعلقہ حقوق کے رکارڈ میں کیئے گئے غلط اندراج کو رد کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ نقلی دستاویزات یا قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے نقلی دستاویزات کی بنیاد پر سرکاری زمین سے متعلقہ حقوق کے رکارڈ میں کیئے گئے غلط اندراج کو ردکرنا اور اس سے متعلقہ معاملات کے لیئے اقدام اٹھانا مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (i) اس ایکٹ کو سرکاری زمین کے (حقوق کے رکارڈ میں) غلط اندراج کو رد کرنے کا ایکٹ، ۲۰۰۹ کہا جائے گا۔

(ii)یہ فی الفور نافذہوگا اور پہلی جنوری ۱۹۸۵ پر اور اس کے بعد نافذ سمجھا جائے گا۔

(iii)اس کی تمام صوبہ سندھ تک توثیق کی جائے گی۔

تعریف
Definitions

۲۔ (a) "ایکٹ" مطلب سندھ لینڈ روینیو ایکٹ، ۱۹٦۷ (۱۹٦۷ کا ایکٹ نمبر XVII)؛

(b)"غلط اندراج" مطلب نقلی دستاویزات کی بنیاد پر حقوق کے رکارڈ میں کی گئی داخلا؛

(c)"حکومت" مطلب حکومت سندھ؛

(d)"حقوق کا رکارڈ" مطلب اور اس کو وہ معنی حاصل ہوگی جو سندھ لینڈ روینیو ایکٹ، ۱۹٦۷ کی دفعہ ۳۹ میں دی گئی ہے۔

غلط اندراج رد کرنے کا اختیار
Power to cancel the Bogus Entries

۳۔جب تک کچھ وقتی طور پر نافذ کسی قانون یا کسی معاہدہ یا فیصلے یا عدالت کے حکم کے متضاد نہ ہو،

لیکن اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تحت ہو، روینیو ڈپارٹمنٹ، حکومت سندھ کا سیکریٹری، جو وزیراعلیٰ سندھ کی طرف سے اس سلسلے میں بااختیار بنایا گیا ہو، اگر مطمئن ہے تو حقوق کے رکارڈ میں پہلی جنوری ۱۹۸۵ پر یا اس کے بعد کیا گیا اندراج غلط ہے تو نوٹیس کے علاوہ ایسے اندراج کو رد کر سکتا ہے اور ایسے رد ہونے پر زمین سرکار کی طرف واپس ہو جائے گی۔

اپیل
Appeal

۴۔(۱)دفعہ ۳ کے تحت جاری کردہ حکم سے متاثر شدہ کوئی شخص ایسے حکم والی تاریخ سے پندرہ دن کے اندر حکومت کو اپیل کر سکتا ہے اور حکومت کا حکم حتمی ہوگا۔

(۲)حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

اثرانداز ہونے والا عمل
Overriding Effect

۵۔اس ایکٹ کی گنجائشوں کو اثرانداز ہونے والا عمل ہوگا جب تک کچھ وقتی طور پر نافذ کسی قانون کے متضاد نہ ہو۔

ضمانت
Indemnity

٦۔اس ایکٹ کے تحت اچھی نیت سے کیئے گئے کسی کام یا کچھ کرنے کے ارادے پر کوئی مقدمہ، کیس یا دوسری قانونی کارروائی کسی شخص کے خلاف نہ ہوگی۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا